سبقی منصوبہ بندی

سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2	جماعت: اول	مضمون: اُردو
ہفتہ:2	وقت:40	تاریخ:
پیریڈ:1	سبق کا نام: بات کیسے کی جائے	

مقاصد: متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

تدریسی معاونات: بورڈ مارکر / چاک، کٹڈ ز اردو جماعت اول کی کتاب، بچوں کے ناموں کی پرچیاں، ٹوکریاں۔

تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے پوچھیں کیا وہ جانتے ہیں کہ گفتگو کے آداب سے کیا مراد ہے؟
- اُن سے انفرادی طور پر جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کے ناموں کی پرچیاں بنائیں اور ایک ٹوکری میں ڈالیں۔
- اب اس ٹوکری کو ایک بچے کو پکڑائیں اور اس کو ایک پرچی نکالنے کو کہیں۔
- پرچی نکالنے والا بچہ پرچی کھول کر دیکھے کہ کس بچے کا نام لکھا ہے اب وہ بچہ جس کا نام نکلا ہے وہ جماعت کے سامنے آئے اور بتائے کہ وہ گفتگو کے کن آداب کا خیال رکھتا ہے؟
- اسی طرح ٹوکری اگلی قطار میں کسی بچے کو دی جائے اور ایسے ہی سرگرمی دہرائی جائے۔
- سرگرمی کے دوران بچوں کو ٹوکا نہ جائے بلکہ آخر میں اجتماعی طور پر سب کی اصطلاح کی جائے۔
- اس سرگرمی کا مقصد بچوں میں خود اعتمادی پیدا کرنا ہے تاکہ وہ آگے چل کر اپنا موقف پیش کرنے کے عادی بن سکیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر تمام بچوں کے لیے تالیاں بجوائی جائیں اور ان کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 52 کھلوائیں اور موضوع سے متعلق بات چیت کریں۔
- بچوں کو سبق "بات کیسے کی جائے" کے تلفظ سیکھیں کے الفاظ کی بار بار پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد ان ہی الفاظ پر مشتمل کاغذی پرچیاں بچوں میں تقسیم کر دیں، باری باری ہاتھ بلند کروا کر ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔
- درست تلفظ کی ادائی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔ آخر میں ایک بار استاد خود ان الفاظ کو بلند آواز میں درست تلفظ سے ادا کریں۔
- اب سبق کے متن کی چند لائنوں کو پہلے خود درست تلفظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- اس دوران بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ آپ کے پڑھے گئے متن کو غور سے سنیں۔

- اس کے بعد بچوں کے ناموں کی پرچیاں تیار کر لیں۔
- اب پرچی پر جس بچے کا نام نکلے گا وہ سبق کی دو لائنیں پڑھے گا۔
- سبق سنتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے درست تلفظ کے ساتھ سبق پڑھ رہے ہیں۔
- اگر پرچی پر اُس بچے کا نام نکلے جس کو پڑھنے میں دقت پیش آ رہی ہے اور وہ پڑھنے میں جھجک بھی محسوس کر رہا ہے، اس کو خاص توجہ دیں۔
- پاس بٹھا کر پیار کے ساتھ اس کی اصلاح کریں، تاکہ بچے کی جھجک بھی ختم ہو جائے۔
- اب ایک ایک پرچی نکالتے جائیں اور بچوں سے پڑھائی کرواتے جائیں۔
- اسی طرح متن کی پڑھائی مکمل کروائیں۔
- متن کی پڑھائی کے آخر میں بچوں سے متن سے متعلق سوالات کریں تاکہ بچوں کی فہم کا جائزہ لیا جا سکے۔

اعادہ: (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

جائزہ: (5 منٹ) بورڈ پر سبق میں موجود مشکل الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔

گھر کا کام: (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔

سبقی منصوبہ بندی

سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2	جماعت: اول	مضمون: اُردو
ہفتہ:2	وقت:40	تاریخ:
پیریڈ:2	سبق کا نام: بات کیسے کی جائے	

مقاصد: الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔

تدریسی معاونات: بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اول کی کتاب۔ الفاظ کی پرچیاں، ورک شیٹ

تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے چھے گروہ بنا دیں۔
- سبق ”بات کیسے کی جائے“ کے نئے الفاظ میں سے کوئی سے چھے الفاظ پرچیوں پر لکھیں۔
- اور پرچیاں بند کر کے ٹوکری میں ڈال دیں۔
- ہر گروہ میں سے باری باری ایک گروہ کو بلائیں۔
- اور ایک پرچی اٹھانے کو کہیں جب ہر گروہ ایک ایک پرچی اُٹھا لے۔
- ہر گروہ سے باری باری اپنی پرچی کھولنے کے لیے کہیں۔
- باری باری ہر گروہ پرچی پر لکھا لفظ درست تلفظ سے پڑھے اور اس کا معانی بتائے۔
- درست تلفظ ادا کرنے اور درست معانی بتانے والا گروہ جیت جائے گا۔

تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں سے پوچھیں کہ الفاظ کے معانی اور مفہوم سے آگاہی کیوں ضروری ہے۔ اگر الفاظ کا درست مفہوم معلوم نہ ہو تو انسان کو کس پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟ وغیرہ۔
- بچوں کے جوابات لیں۔
- انھیں بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات کو سمجھ پاتے ہیں۔
- کتاب کے الفاظ معانی کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے آج ہم الفاظ جانیں گے تاکہ ہم سبق کو آسانی سے سمجھ سکیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 53 پر موجود الفاظ کو بورڈ پر لکھیں اور مزید ایک کالم بنائیں۔
- اب بچوں سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروائیں۔
- ساتھ ساتھ ان کے معانی بھی لکھیں اور خواندگی کروائیں۔

- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- اور الفاظ کی پرچیاں بنا کر ٹوکری میں ڈال دیں۔
- ہر گروہ میں سے ایک بچے کو بلائیں اور اسے ٹوکری میں سے کوئی بھی پرچی اُٹھانے اور واپس سیٹ پر جانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو پرچیاں آئی ہیں، ان پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں اور ان کے آگے معانی لکھیں۔
- بعد ازاں ان الفاظ پر مبنی پرچی کی دوسری جانب لکھیں اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔

اعادہ:(3منٹ)بچوں سے الفاظ کے معانی پوچھیں اور اصلاح کریں۔

جائزہ:(5منٹ)بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے معانی لکھوائیں۔

گھر کا کام:(2منٹ)ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

الفاظ	معانی
اکٹھے	
آیندہ	
ہرگز	
آدابِ گُفت گُو	

سبقی منصوبہ بندی

سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2	جماعت:اول	مضمون:اُردو
ہفتہ:2	وقت:40	تاریخ:
پیریڈ:3	سبق کا نام: بات کیسے کی جائے	

مقاصد: سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

تدریسی معاونات: بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اول کی کتاب۔ گتے کا ڈبا، سبق کے چار سوالات کی پرچیاں۔ ورک شیٹ

تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- ایک چوکور ڈبا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔
- ڈبے کے چاروں اطراف رنگ برنگے کاغذ کی چار جیبیں بنا دیں۔
- ان میں چار سوالات کی پرچیاں ڈال دیں۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- کسی گروہ میں سے ایک بچے کو بلائیں۔
- اُسے ڈبا گھما کر زمین پر ایسے لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔
- پھینکے جانے پر ڈبے کی جو جیب اور اُوپر کی جانب آئے۔ اس جانب سے پرچی نکال کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں۔
- اس بچے کو اس سوال کا جواب دینے کے لیے کہیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی سوالات پر مختلف بچوں سے کروائیں۔
- سرگرمی کا مقصد بچوں میں پڑھائی کے لیے تحریک پیدا کرنا ہے۔

تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- بچوں سے صفحہ نمبر 53 کی پڑھائی کروائیں تاکہ بچوں کے ذہن میں سبق پھر سے تازہ ہو جائے۔
- ایک کپ میں 3 آئس کریم اسٹکیں رکھ دیں، جن پر تین مختلف رنگوں کی چٹیں چسپاں ہوں اور ان پر تفہیم کے سوال نمبر 1 کے تحت دیے گئے سوالات لکھے ہوں۔ دوسرے کپ میں 3 آئس کریم اسٹکیں رکھ دیں جن پر انھی رنگوں سے 1 تا 3 نمبر لکھے ہوں جو دوسرے کپ میں رکھی ہوئی آئس کریم اسٹکوں پر لگی ہوئی چٹوں کے لیے استعمال کیے ہوں۔ بچوں کے 2 گروہ بنا دیں۔
- اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی نامزد کر دیں۔

- اب کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے نمبروں والی اسٹکوں میں سے کوئی اسٹک اٹھا لے اور پھر دوسرے کپ میں سے اسی رنگ کی آئس کریم اسٹک تلاش کر کے نکالے، جس رنگ کا نمبر اس کے پاس آیا ہے۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔
- اب ہر گروہ سے کہیں کہ وہ آئس کریم اسٹک پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا جواب سوچیں۔ اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر دونوں سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس سوال کی اسٹک آئی ہے، وہ سوال بورڈ پر تلاش کر کے اس کے نیچے اس سوال کا جواب لکھے۔
- درست جواب لکھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔
- بچوں سے سوالات کی خواندگی کروائیں، پھر ان کے جوابات پوچھیں۔
- سوالات کے جوابات ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ سوالات کے نیچے لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور سوال نمبر 2 کے تحت دیے ہوئے سوالات اور ان کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر کاپیوں میں لکھیں۔ اس دوران میں کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیتے رہیں اور ان کی رہنمائی کریں۔

اعادہ: (3منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

جائزہ: (5منٹ) بورڈ پر سبق میں موجود مشکل الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔

گھر کا کام: (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔

سبقی منصوبہ بندی

سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2	جماعت:اول	مضمون:اُردو
ہفتہ:2	وقت:40	تاریخ:
پیریڈ:4	سبق کا نام: بات کیسے کی جائے	

مقاصد: اپنی پسند اور ناپسند کا اظہار کر سکیں۔

تدریسی معاونات: بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت اول کی کتاب، مختلف رنگوں کی پرچیاں، ٹوکری

تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- طلبہ سے گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے سوالات کریں۔
- اب بچوں کی چھے ٹیمیں بنا دیں۔
- سبق "بات کیسے کی جائے" میں سے کوئی سے چھے الفاظ مختلف رنگوں کی پرچیوں پر لکھ کر ان کے باہر کی جانب 1 تا 6 نمبر لکھ دیں۔
- اب انھیں بند کر کے ایک ٹوکری میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ان پر لکھے ہوئے الفاظ نظر نہ آئیں بلکہ صرف ان پر لکھے ہوئے نمبر نظر آ رہے ہوں۔
- اب ہر ٹیم میں سے باری باری ایک بچے کو بلائیں اور اسے ڈبا گھما کر لڈو کے دانے کی طرح لڑھکانے کے لیے کہیں۔
- اس ڈبے کی اوپر کی طرف جو نمبر لکھا ہو، بچے سے کہیں کہ وہ ٹوکری میں سے اس نمبر کی پرچی نکال کر کھولے اور اس پر لکھا ہوا لفظ درست تلفظ سے پڑھے اور اس کا معانی بتائے گا۔
- درست تلفظ ادا کرنے اور درست معانی بتانے کے چار نمبر ہوں گے۔
- اسی طرح سے یہ سرگرمی دوسرے الفاظ پر باقی گروہوں سے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر جس ٹیم کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گی۔

تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- 1 ٹوکری میں مختلف رنگوں کے بٹن ڈالیں۔ اور ہر بچے کے آگے ٹوکری کریں اور انہیں اس میں سے 1 بٹن اٹھانے کے لیے کہیں۔
- جن بچوں نے ایک جیسے رنگوں کے بٹن اٹھائے ہوں گے ان کا ایک گروپ بنا دیں۔
- سوال نمبر 3 کی سرگرمی کے لیے بچوں کو اپنے اسکول اور گھر کے بارے میں بات چیت کرنے کے لیے کہیں۔
- اس سرگرمی کے لیے انہیں کچھ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ان سے پوچھیں انہیں اپنے گھر اور اسکول کا کونسا حصہ پسند ہے اور کیوں؟

• متفرق طلبہ سے جوابات لیں۔ • دورانِ سرگرمی بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ کیونکہ اس طرح بچے اپنی صلاحیتوں کو کھو دیتے ہیں۔ • آخر میں اجتماعی طور پر اصلاح کی جائے تاکہ بچے اپنی غلطیوں سے سیکھ سکیں۔
اعادہ:(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔
جائزہ:(5منٹ) طلبہ سے سبق کے حوالے سے سوالات کریں اور ان کی فہم کا جائزہ لیں۔
گھر کا کام:(2منٹ) سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

سبقی منصوبہ بندی

سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2	جماعت: اول	مضمون: اُردو
ہفتہ:2	وقت:40	تاریخ:
پیریڈ:5	سبق کا نام: بات کیسے کی جائے	

مقاصد: حروف جوڑ کر لفظ بنا سکیں۔

عبارت پڑھ کر تفہیمی سوالات کے زبانی جوابات دے سکیں۔

تدریسی معاونات: بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو اول"، الفاظ پر مبنی لڈو، پاسا، چارٹ کی بنی ہوئی گاجریں

تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو سوال نمبر 5 میں دی گئی عبارت پڑھنے کے لیے کہیں۔
- ان کی جوڑیاں بنائیں اور ہدایت دیں کہ پیراگراف کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔
- مقررہ وقت کے بعد طلبہ سے سوالات کے جوابات زبانی پوچھیں۔

تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم الفاظ سازی کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب بورڈ پر تین کالم بنا کر ایک میں حروف، دوسرے میں الفاظ جبکہ تیسرے میں نئے الفاظ کی سرخی لکھ دیں۔
- اب ایک کالم میں سوال نمبر 4 کے تحت دیے ہوئے حروف "ک، ا-ٹ" لکھیں۔ بچوں سے اس کی خواندگی کروائیں۔
- اب بچوں سے کہ وہ حروف کو ملا کر لفظ بنائیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔
- الفاظ والے کالم میں لفظ "کاٹ" لکھیں اور پڑھائیں۔ اب آخری حرف "ٹ" سے نیا لفظ بنائیں جیسے: ٹوپی۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی حروف پر کروائیں۔
- اب بچوں کی دو ٹیمیں بنا دیں۔
- ایک کو ٹیم گلاب اور دوسری کو ٹیم سورج کا نام دے دیں۔ ہر گروہ کو ایک ایک باجا دے دیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ آپ حروف بولیں گے / گی۔ انھیں حروف کو غور سے سننا ہے اور انھیں ملا کر الفاظ بنانے اور بتانے ہیں۔ اور آخری حرف سے نیا لفظ بنانا ہے۔
- اب سوال نمبر 4 کے تحت دیے ہوئے حروف میں سے بولیں اور بچوں کو انھیں ملا کر لفظ بنانے کے لیے کہیں۔

- جس گروہ کے بچے پہلے باجا بجائیں۔ انھیں بتانے کا موقع دیں۔ درست لفظ بتانے کے دو نمبر ہیں۔ درست لفظ بتانے پر بورڈ پر متعلقہ گروہ کے خانے میں دو نمبر لکھ دیں اور غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ میں سے کسی بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔
- چارٹ پیپر کی 3 گاجریں بنائیں۔ ان پر سوال نمبر 4 کے تحت دیے حروف لکھے ہوں اور کے نیچے حروف کو ملا کر لفظ لکھنے کی جگہ ہو۔ بچوں کے تین گروہ بنا کر یہ گاجریں انھیں دے دیں۔ حروف ملا کر الفاظ بنانے اور متعلقہ جگہ پر لکھنے کے لیے کہیں۔ اس کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کو اپنے بنائے ہوئے الفاظ بتانے کے لیے کہیں۔ درست الفاظ بنانے والے بچوں کو شاباش دیں۔

اعادہ: (3منٹ) بچوں کو پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

جائزہ: (2منٹ) بورڈ پر سوال نمبر 4 کے تحت دیے گئے حروف لکھیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے حروف کو ملا کر الفاظ بنوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

گھر کا کام: (2منٹ) جماعت میں کروایا گیا سبق دہرائیں۔

سبقی منصوبہ بندی

سیکنڈ ٹرم: یونٹ: 2	جماعت: اول	مضمون: اُردو
ہفتہ: 2	وقت: 40	تاریخ:
پیریڈ: 6	سبق کا نام: بات کیسے کی جائے	

مقاصد: حرکات کی علامات کی پہچان کر سکیں۔

تدریسی معاونات: بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو کی کتاب اول"

تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بورڈ پر حرف "ا" لکھیں اور اس کی آواز کی ادائیگی کروائیں۔
- پھر حرف "ا" پر زبر کی علامت لگائیں اور اس کے ساتھ حرف "ب" لکھ کر بچوں کو اس کی آواز کی ادائیگی کروائیں۔
- اسی طرح بچوں کو الفاظ "در، ڈس، رس، زر، بس، سچ، چڑھ، چھت، گھر، اب" کی پڑھائی کروائیں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور انھیں گروہ "سورج" اور گروہ "چاند" کے نام دے دیں۔
- اب انھیں 5 پرچیاں دیں جن پر 5 ایسے الفاظ (سَچ، چَڑھ، چَھت، گَھر، اَب) کے حروف لکھے ہوں جن میں علامت زبر کا استعمال ہو اور ان کے ساتھ مکمل الفاظ لکھنے کی جگہ بھی ہو۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیوں پر لکھے ہوئے حروف کو ملا کر الفاظ بنا کر دی گئی جگہ میں لکھیں اور ان پر درست جگہ پر علامت زبر بھی لگائیں۔ اس کے لیے انھیں ایک منٹ کا وقت دیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ جس طرح زبر کی علامت حروف کی آواز کو ذرا لمبا کرتی ہے اسی طرح علامتِ زیر حروف کی آوازوں کو نیچے کی طرف کھینچتی ہے۔ مثال کے لیے چند حروف پر علامتِ زبر اور علامتِ زیر لگا کر ان کی آوازں کی ادائیگی استاد خود کر کے دکھائیں، تاکہ بچے ان کے درمیان فرق کو اچھی طرح سمجھ لیں۔
- اگر رہنمائی کی ضرورت ہو تو ان کی رہنمائی فرمائیں تاکہ وہ حرکات کا مختصراً اعادہ کر لیں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور ان سے کہیں کہ وہ مل کر پانچ ایسے الفاظ سوچیں جن میں علامت زیر کا استعمال ہو۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں گروہ 1 اور دوسرے میں گروہ 2 کی سرخی لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر ان سے بورڈ پر متعلقہ ٹیم کے کالم میں پانچ پانچ الفاظ لکھوائیں۔

- ایک لفظ کے دو نمبر ہوں گے۔ بچوں کے کام کا جائزہ لیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

- **تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)
- اب بورڈ پر پیش لکھیں۔
- اب بورڈ پر لفظ "تم" لکھیں۔ اس پر پیش کی علامت لگائیں اور بچوں سے اس کی خواندگی کروائیں۔
- اس طرح سے بورڈ پر الفاظ "چپ، چھپ، سن، کچھ، مرغی، کرسی، قلفی، فون، فرصت" پیش کی علامت کے ساتھ لکھ دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان الفاظ کی خواندگی کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ ان الفاظ میں کون سی علامت کا استعمال ہوا ہے؟ بچوں سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب میز پر ایک ٹوکری رکھیں جس میں الفاظ "تم، چپ، چھپ، سن، کچھ، مرغی، کرسی، قلفی، فون، فرصت" اور علامت زبر اور زیر پر مشتمل الفاظ کے کارڈ رکھے ہوں۔
- اب کسی ایک بچے کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ ٹوکری میں سے ایسے لفظ کا کارڈ تلاش کر کے نکالے جس میں علامت پیش کا استعمال ہوتا ہو۔ بچہ کارڈ نکال کر اس پر لکھا ہوا لفظ بورڈ پر لکھ کر اس کی خواندگی کرے گا اور اس پر درست جگہ پر علامت پیش لگائے گا۔
- اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ کے کارڈوں پر مختلف بچوں سے کروائیں۔
- اب طلبہ کو سوال نمبر 6 میں دیئے گئے الفاظ کی جوڑیوں کی پڑھائی کروائیں اور ان سے کہیں کہ ان الفاظ کو ان کے متعلقہ خانے میں لکھیں۔

اعادہ: (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا تصور مختصراً دہرائیں۔

جائزہ: (5منٹ) بورڈ پر مختلف الفاظ لکھ دیں۔ اب جماعت میں سے مختلف بچوں کو باری باری بلائیں۔ انھیں کوئی لفظ بتائیں اور ان سے کہیں کہ وہ لفظ کے پہلے حرف پر زبر، زیر، اور پیش لگائیں۔ علامت لگا کر اس کی آواز کی ادائی بھی کریں۔

گھر کا کام: (2منٹ) جماعت میں کروایا گیا سبق دہرائیں۔